الحمد للہ

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے افضل الخلق وسید المرسلین ہونے
کی دس آیتوں اور سو بلکہ سوا سو سے زیادہ احادیث سے تحقیق میں یہ
بے مثل رسالہ بے نظیر عجالہ مسمی بنام تاریخی

تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین

۱۳۰۵ھ

تصنیف لطیف امام المحققین تاج المدققین اعلیحضرت پیشوائے اہلسنت مجدد مائۃ
حاضرہ مؤید ملت طاہرہ جناب مولانا مولوی احمد رضا خاں صاحب قدس سرہ

ناشر:
مکتبہ نوریہ رضویہ گلبرگ اے لائل پور

سلسلہ نمبر ۶،۵

صفحات تجلی الیقین ———— ۱۱۲

صفحات تمہید ایمان ———— ۴۴

کل صفحات ———— ۱۵۶

کتابت ———— صابر لائلپوری

مطبع ———— دین محمدی پریس لاہور

ناشر ———— مکتبہ نوریہ رضویہ گلبرگ اے لائلپور

تعداد ———— ایک ہزار

طباعت ———— ۱۳۸۹ھ

قیمت قسم اول مجلد ۴/۰۰ روپے

قیمت قسم اول غیر مجلد ۳/۲۵ روپے

قیمت قسم دوم غیر مجلد ۲/۷۵ روپے

فون: ۴۰۵۶

مکتبہ نوریہ رضویہ گلبرگ اے لائلپور

بغدادی مسجد

مسلمانو مسلمانو اے مصطفٰے پیارے کے نام پر قربان ہو

صلی اللہ علیہ وسلم

صلے اللہ علیہ وسلم

اُسی پیارے محبوب کی عظمت کے لئے ذرا اس

تمہید ایمان بآیات قرآن

۱۳۲۶ھ

کو ملاحظہ کرو

جسمیں صرف قرآن عظیم کی آیتوں کا بیان ہے کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے یہ معنی ہیں پیارے بھائیو اس کے دیکھنے سے سچا حقیقی ایمان نظر آتا ہے۔ مسلمان کا ایمان ترقی و نور پاتا ہے۔ ایک نظر تو دیکھ لو

— تصنیف لطیف —

صاحب حجت قاہرہ مجدد مأتہ حاضرہ عالم اہلسنت ناصر دین و ملت قامع بدعت اعلحضرت مرشدنا و ہادینا مولانا مولوی مفتی حاجی محمد احمد رضا خانصاحب قادری برکاتی ادام اللہ فیوضہم

ناشر :- مکتبہ نوریہ رضویہ گلبرگ اے لائل پور

مطبوعہ :- دین محمدی پریس لاہور

ولی اللہ صاحب کو کہہ دیا حاجی امداد اللہ صاحب کو کہہ دیا مولنا شاہ فضل الرحمن صاحب کو کہہ دیا پھر جو پورے ہی حد سے اونچے گزر گئے وہ یہاں تک بڑھتے ہیں کہ عیاذاً باللہ عیاذاً باللہ حضرت شیخ مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو کہہ دیا غرض جسے جس کا زیادہ معتقد پایا اوس کے سامنے اوسی کا نام لے دیا کہ انھوں نے اوسے کافر کہہ دیا یہاں تک کہ انہیں کے بعض بزرگواروں نے مولنا مولوی شاہ محمد حسین صاحب آلہ آبادی مرحوم مغفور سے جاکر جڑ دی کہ معاذ اللہ معاذ اللہ حضرت سیدنا شیخ اکبر محی الدین بن عربی قدس سرہ کو کافر کہہ دیا۔ مولنا کو اللہ تعالیٰ جنت عالیہ عطا فرمائے اونھوں نے آیۂ کریمہ اِنْ جَآءَکُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَیَّنُوْٓا پر عمل فرمایا خط لکھکر دریافت کیا جسپر یہاں سے رسالہ انجاء البری عن وسواس المفتری۔ لکھکر ارسال ہوا اور مولنا نے مفتری کذاب پر لاحول شریف کا تحفہ بھیجا غرض ہمیشہ ایسے ہی افترا اوٹھایا کرتے ہیں اس کا جواب وہ ہے جو۔

تمہارا رب عزوجل فرماتا ہے

آیت ۴۴

اِنَّمَا یَفْتَرِی الْکَذِبَ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ ○ جھوٹے افترا وہی باندھتے ہیں جو ایمان نہیں رکھتے اور فرماتا ہے فَنَجْعَلْ لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَی الْکٰذِبِیْنَ کہ ہم اللہ کی لعنت ڈالیں جھوٹوں پر مسلمانو اس مکر سخیف و کید ضعیف کا فیصلہ کچھ دشوار نہیں ان صاحبوں سے ثبوت مانگو کہ کہہ دیا کہہ دیا فرماتے ہو کچھ ثبوت بھی رکھتے ہو کہاں کہہ دیا کس کتاب کس رسالے کس فتوے کس پرچے میں کہہ دیا۔ ہاں ہاں ثبوت رکھتے ہو تو کس دن کیلئے اوٹھا رکھا ہے دکھاؤ اور نہیں دکھا سکتے اور اللہ جانتا ہے کہ نہیں دکھا سکتے تو دیکھو قرآن عظیم تمہارے کذاب ہونے کی گواہی دیتا ہے مسلمانو۔

تمہارا رب عزوجل فرماتا ہے

آیت ۴۵

فَاِذْ لَمْ یَاْتُوْا بِالشُّهَدَآءِ فَاُولٰٓئِکَ عِنْدَ اللّٰهِ هُمُ الْکٰذِبُوْنَ ○ جب ثبوت نہ لا سکیں تو اللہ کے نزدیک وہی جھوٹے ہیں مسلمانو آزمائے کو کیا آزمانا۔ بارہا ہو چکا کہ ان حضرات نے بڑے زور شور سے یہ دعوے کیے اور جب کسی مسلمان نے ثبوت مانگا فوراً پیٹھ پھیر گئے اور پھر منہ نہ دکھا سکے مگر حیا اتنی ہے کہ وہ رٹ جو منہ کو لگ گئی ہے